پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

31 جنوری 2020

# شیوم سہکاری لمیٹڈ، اچلکرنجی، ضلع کولہاپور، مہاراشٹر کیلئے ہدایات جاری۔ مدت میں توسیع

ریزروبینک آف انڈیا نے (18 مئی 2018 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی-آئی/D-6/12.22.351/2017-18 کے ذریعہ) شیوم سہکاری بینک لمیٹڈ، اچلکرنجی، ضلع کولہاپور، مہاراشٹر کو 19 مئی 2018 کو کام کے اوقات کے بعد سے پابندیوں (ہدایات) کے تحت رکھا تھا۔

2. اب عوام کی جانکاری کیلئے مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کی ذیلی سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ اس بینک سے متعلق مندرجہ بالا ہدایات 31 مارچ 2020 تک نظرثانی کی شرط کے ساتھ لاگو رہیں گی۔ یہ حکم ریزروبینک نے اپنے 29 جنوری 2020 کے ڈائریکٹو ڈی او آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر D-50/12.22.351/2019-20 کے ذریعہ جاری کیا ہے۔

3. مندرجہ بالا ڈائریکٹو جس کے ذریعہ مدت میں توسیع کا ذکر کیا گیا ہے، کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کیلئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کیلئے رکھ دی جائے۔

4. ریزروبینک کے ذریعہ مندرجہ بالا توسیع /اور یا ترمیمات کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ ریزروبینک اس بینک کی مالیاتی حیثیت سے مطمئن ہے۔

**یوگیش دیال**
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 1852/2019-2020